**22-04-2024**

**21.15 Hrs**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ...................... آسیہ میمونہ

---

**Music**

---

1۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلی میں راشٹرپتی بھون میں پدم ایوارڈز تفویض کیے۔

2۔ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ سرکردہ سیاسی لیڈر رائے دہندگان کو راغب کرنے کے لیے کوئی بھی کسر نہیں چھوڑ رہے ہیں۔ تیسرے مرحلے کے لیے نام واپس لینے کا عمل آج ختم ہو گیا۔

3۔ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے کانگریس اور SP پر اقرباء پروری اور خوشنودی حاصل کرنے کی سیاست کرنے کا الزام لگایا ہے۔

4۔ انتخابی کمیشن نے انتخابی عمل کے دوران گرمی کی لہر کی صورتحال کی نگرانی کرنے کے لیے ایک ٹاسک فورس تشکیل دی ہے۔

5۔ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے سکیورٹی کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لیے سیاچین کا دورہ کیا۔

6۔ اور IPL کرکٹ میں، راجستھان رائلز اور ممبئی انڈیئنز کے درمیان جے پور میں مقابلہ جاری ہے۔

---

**Music**

---

اب خبریں تفصیل سے

**Prez Padma Awards**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج نئی دلّی میں راشٹرپتی بھون میں شہری اعزازات تفویض کئے جانے کی

ایک تقریب کے دوران، کئی سرکردہ شخصیات کو پدم ایوارڈس عطا کئے۔ انھیں ان کی غیر معمولی اور نمایاں خدمات کیلئے ان ایوارڈس سے نوازا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ مرمو نے عوامی امور کے شعبے میں سابق نائب صدر جمہوریہ ایم وینکیا نائیڈو کو اور آرٹ کے شعبے میں بھارت ناٹیم رقاصہ ڈاکٹر پدما سُبرامنیَم کو ''پدم وبھوشن'' سے سرفراز کیا گیا ہے۔ اُن کے علاوہ سماجی کاموں کے شعبے میں بندیشور پاٹھک کو بعد از مرگ ''پدم وبھوشن'' سے نوازا گیا۔

صدر جمہوریہ نے اداکار میتھن چکرورتی کو بنگالی اور ہندی سینما میں اُن کی شاندار کارکردگی کیلئے ''پدم بھوشن'' سے نوازا۔

ان کے علاوہ تقریب کے دوران، آرٹ کے شعبے میں مشہور گلوکارہ اُوشا Uthup، اور کھیل کود کے شعبے میں گرانقدر تعاون کیلئے سرکردہ ٹینس کھلاڑی روہن بوپنّا کو، جموں و کشمیر کے لکڑی کی کندہ کاری کے معروف دستکار غلام نبی ڈار، آسام کے قبائلی کسان Sarbeswar-Basumatary، سرجن ڈاکٹر پریما دھن راج، اور آیوروید ڈاکٹر منوہر کرشنا Dole، اُن سرکردہ افراد بھی شامل تھے جنہیں ''پدم شری'' عطا کئے گئے۔

آکاشوانی سے بات کرتے ہوئے ''پدم بھوشن'' سے سرفراز، اداکار میتھن چکرورتی نے کہا کہ وہ یہ ایوارڈ حاصل کرکے بہت پُرجوش ہیں۔

S/B: Mithun

پدم شری ایوارڈ یافتہ، بھارت کے معذوری سے متاثرہ تیراک ستیندر سنگھ لوہیا نے کہا کہ یہ مرکزی حکومت کا ایک بصیرت افروز قدم ہے کہ جس کے تحت زندگی کے سبھی طبقات کے باصلاحیت اور ہُنرمند افراد کو اِن باوقار ایوارڈس کیلئے منتخب کیا جا رہا ہے۔

S/B: Satendra Singh Lohia

**Campaigning**

اب جبکہ لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے انتخابی مہم ختم ہونے میں صرف دو دن باقی رہ گئے ہیں، سیاسی پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اپنے امیدواروں کے حق میں پے درپے ریلیاں اور روڈ شو منعقد کر کے رائے دہندگان کو اپنے حق میں راغب کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں۔ کیرالہ میں 20 نشستوں، کرناٹک میں 14 ، راجستھان میں 13، اترپردیش اور مہاراشٹر میں آٹھ آٹھ سیٹوں، مدھیہ پردیش میں سات، آسام اور بہار میں پانچ پانچ، مغربی بنگال اور چھتیس گڑھ میں تین تین جبکہ تریپورہ اور جموں و کشمیر میں ایک ایک سیٹ پر اِس دوسرے مرحلے میں جمعہ کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## Third Phase Nomination Withdrawl

لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے نام واپس لینے کا عمل آج ختم ہو گیا۔ اِس مرحلے میں اگلے مہینے کی سات تاریخ کو دس ریاستوں اور مرکز کے زیرِ انتظام دو علاقوں میں مجموعی طور پر 94 لوک سبھا سیٹوں پر ووٹ ڈالے جائیں گے۔ گجرات کی تمام 26 پارلیمانی نشستوں، کرناٹک کی 14 سیٹوں، مہاراشٹر کی 11 اور اتر پردیش کی دس سیٹوں پر اِس مرحلے میں انتخابات ہوں گے۔ اس کے علاوہ مدھیہ پردیش کی آٹھ سیٹوں، چھتیس گڑھ کی سات سیٹوں، بہار کی پانچ نشستوں اور آسام اور مغربی بنگال میں چار چار سیٹوں، گوا اور دادر اور نگر حویلی نیز دمن و دیو میں سے ہر ایک کی دو دو سیٹوں پر نیز جموں و کشمیر میں ایک سیٹ پر اس مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ بہار میں، جھنجھارپور، سپول، ارریہ، مدھے پورا اور کھگڑیا لوک سبھا کے پانچ پارلیمانی حلقوں میں لوک سبھا انتخابات کے تیسرے مرحلے کے لیے کل 54 امیدوار میدان میں ہیں۔ نام واپس لینے کے آخری دن کسی بھی امیدوار نے اپنا نام واپس نہیں لیا۔×

## UP Poll Campaign

اتر پردیش میں، انتخابی مہم زور پکڑ رہی ہے جہاں تمام سیاسی پارٹیوں کے لیڈر ریلیاں، روڈ شوز منعقد کر رہے ہیں اور گھر گھر جاکر انتخابی مہم چلا رہے ہیں۔ وزیراعظم اور سینئر BJP لیڈر نریندر مودی نے آج اپوزیشن اتحاد پر یہ الزام لگاتے ہوئے حملہ کیا کہ وہ اقرباء پروری میں ملوث ہیں اور خوشنودی حاصل کرنے کی سیاست کر رہے ہیں۔ اتر پردیش کے علی گڑھ میں ایک انتخابی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ وقت ملک سے غریبی کو جڑ سے ختم کرنے، بدعنوانی کو مٹانے اور اقرباء پروری کو ختم کرنے کا ہے۔ انہوں نے الزام لگایا کہ کانگریس اور سماج وادی جیسی پارٹیاں ہمیشہ خوشامد کی سیاست کرتی رہی ہیں اور انہوں نے ملک میں اقلیتوں کی سیاسی، سماجی اور اقتصادی بہتری کے لیے کچھ بھی نہیں کیا ہے۔

S/B - 2100- PM-Aligarh

علی گڑھ لوک سبھا حلقے میں BJP نے اپنے موجودہ رکن پارلیمان ستیش گوتم کو ٹکٹ دیا ہے جبکہ سماج وادی پارٹی نے چودھری وجیندر سنگھ کو میدان میں اتارا ہے۔ اُدھر بہوجن سماج پارٹی کی طرف سے ہتیندر کمار اپنی سیاسی قسمت کے لیے میدان میں ہے۔ اتر پردیش میں سات دیگر سیٹوں کے ساتھ علی گڑھ لوک سبھا سیٹ پر، لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے میں، جمعہ کے روز ووٹ ڈالے جائیں گے۔ دوسری جانب اپوزیشن کے بہت سے لیڈر بھی انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔ BSP کی سربراہ مایاوتی نے آج بلند شہر ضلع میں منعقدہ ایک سیاسی ریلی میں BJP پر حملہ کیا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ BJP ایک ایسی پارٹی ہے جو صرف زبانی باتیں کرتی ہے، جملے بازی میں یقین

رکھتی ہے اور اصل میں اُس کا کوئی بھی حقیقی کام سامنے نہیں ہے۔

اتر پردیش کے کانگریس انچارج اویناش پانڈے نے دیگر پارٹی عہدیداران کے ساتھ پارٹی کارکنان کی میٹنگیں منعقد کیں اور متھرا اور فتح پور سیکری علاقے میں گھر گھر جا کر انتخابی مہم کی۔x

## Karnatak Election Campaign

کرناٹک میں 26 اپریل کو ہونے والے انتخابات کے لیے 14 سیٹوں پر انتخابی مہم زور و شور سے جاری ہے۔ کانگریس اور BJP کے بہت سے اسٹار مہم کار ریاست میں انتخابی مہم میں مصروف ہیں۔ کانگریس کے قومی صدر ملیکارجن کھڑگے نے آج بینگلورو کے اطراف کے حلقوں میں انتخابی مہم کی۔ بینگلورو دیہی لوک سبھا حلقے کے Channapatna میں ایک عوامی ریلی سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ کانگریس کا منشور مسلمانوں کی خوشنودی حاصل کرنے کے لیے نہیں ہے بلکہ تمام کمیونٹیز کی بہبود چاہتا ہے۔

S/B - 2100-Malikaarjun Kharge

## Manipur Repolling

منی پور میں آج Inner منی پور پارلیمانی حلقے کے گیارہ پولنگ مراکز میں دوبارہ پولنگ کامیابی سے مکمل ہوگئی۔ یہ پولنگ صبح سات بجے سے شام پانچ بجے تک سخت سکیورٹی بندوبست کے دوران منعقد کی گئی۔ جبکہ سہ پہر تین بجے تک 73 اعشاریہ پانچ فیصد پولنگ درج کی گئی تھی۔ 19 اپریل کو انتخابات کے پہلے مرحلے میں امپھال ایسٹ ضلع کے سات اور امپھال ویسٹ ضلع کے چار پولنگ مراکز پر فساد، تشدد اور فرضی ووٹنگ کے واقعات کے بعد، آج وہاں دوبارہ پولنگ کرائی گئی تھی۔ منی پور کے اعلیٰ انتخابی افسر نے اس سلسلے میں انتخابی کمیشن ECI کو ایک رپورٹ پیش کی تھی۔ اس دوران منی پور میں لوک سبھا انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ Outer منی پور پارلیمانی حلقے کے 13 اسمبلی حلقوں کیلئے 26 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔x

## Arunachal Pradesh Repoll

اروناچل پردیش میں، پارلیمانی اور اسمبلی انتخابات کے لیے، چار اسمبلی حلقوں کے آٹھ پولنگ اسٹیشنوں پر، اس ہفتے بدھ کے روز دوبارہ انتخابات ہوں گے۔ انتخابی کمیشن نے پارلیمانی اور اسمبلی انتخابات کے لیے اِن تمام پولنگ اسٹیشنوں پر گذشتہ مہینے 19 تاریخ کو منعقدہ پولنگ کو کالعدم قرار دیا ہے اور دوبارہ انتخابات کے لیے نئے دن کا تعین کیا ہے۔

Bameng اور Nyapin اسمبلی حلقوں میں سے ہر ایک میں ایک پولنگ اسٹیشن پر، Rumgong میں دو اور Nacho اسمبلی حلقے میں چار پولنگ اسٹیشنوں پر دوبارہ ووٹ ڈالے جائیں گے۔ ووٹ ڈالنے کے لیے صبح سات بجے سے دوپہر دو بجے تک کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔×

## Gujarat Surat Seat

گجرات میں، بھارتی جنتا پارٹی BJP نے، آج سورت لوک سبھا سیٹ بلامقابلہ جیت لی ہے۔ کاغذات نامزدگی واپس لینے کے آخری دن، سورت سیٹ کے لیے، BJP کے امیدوار مکیش دلال کو فاتح قرار دیا گیا کیونکہ ان کے تمام حریفوں نے انتخابی میدان سے اپنا نام واپس لے لیا۔ سورت کے ضلع کلکٹر اور ریٹرننگ آفیسر سوربھ پردھی نے آج اس ضمن میں باقاعدہ اعلان کیا۔ ہمارے نمائندے نے خبر دی ہے کہ BSP امیدوار پیارے لال بھارتی سمیت 8 امیدواروں ور دیگر آزاد امیدواروں نے آج اپنا نام واپس لے لیا۔ کانگریس امیدوار نلیش کمبھانی کی امیدواری کو نام تجویز کرنے والے کے جعلی دستخط کی بنا پر کل مسترد کر دیا تھا۔ اسی دوران اپوزیشن کانگریس اور عام آدمی پارٹی نے سورت میں لوگوں کے حق رائے دہی کو ختم کرنے اور اپنا لیڈر منتخب کرنے کے لیے، بھارتی جنتا پارٹی کی تنقید کی ہے۔

## Prez Uttarakhand

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کل سے اتراکھنڈ کا دو روزہ دورہ کریں گی۔ وہ کل رشی کیش کے ایمس کے چوتھے تقسیم اسناد کی تقریب کو عزت بخشیں گی اور رشی کیش میں گنگا آرتی میں شرکت کریں گی۔ بدھ کے روز صدر جمہوریہ مرمو دہرہ دون کی اندرا گاندھی نیشنل فاریسٹ اکیڈمی میں بھارتی فاریسٹ سروس کے زیر تربیت افسران کے کنوکیشن میں شرکت کریں گی۔×

## Maha NCP Manifesto

NCP کے صدر اجیت پوار نے آج لوک سبھا انتخابات کیلئے اپنی پارٹی کا انتخابی منشور جاری کیا، جس میں وعدہ کیا گیا ہے کہ مہاراشٹر کو ایک ٹریلین ڈالر کی معیشت بنانے کی غرض سے سبھی کوششیں کی جائیں گی۔ جناب پوار نے پارٹی کے سینئر رہنماؤں پرفُل پٹیل، سُنیل Tatkare اور چھگن بھُجبل کے ہمراہ ممبئی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ اس انتخابی منشور کو معاشرے کے سبھی طبقات کی فلاحی ضروریات کو مد نظر رکھتے ہوئے تیار کیا گیا ہے۔ یہ منشور ''راشٹر ساٹھی- راشٹر وادی'' موضوع پر مبنی ہے اور اس میں خاص پانچ اصولوں یعنی صحت، تعلیم، صفائی ستھرائی، ماحولیات اور روزگار پر توجہ مرکوز کی گئی ہے۔

منشور میں کسانوں کو کم از کم امدادی قیمت فراہم کرنے اور زرعی فصل بیمہ اسکیم کے دائرے کو وسیع کرنے کا وعدہ کیا گیا ہے۔ منشور کے مطابق پارٹی، قومی سطح پر دریاؤں کو جوڑنے اور دریاؤں میں آلودگی کو ختم کرنے سے متعلق پروجیکٹوں پر بھی کام کرے گی۔ x

## ECI Heatwave

انتخابی کمیشن نے لوک سبھا انتخابات کے ہر ایک مرحلے سے قبل گرمی کی لہر کی صورتحال کی نگرانی کرنے کے لیے ایک ٹاسک فورس تشکیل دی ہے۔ اس ٹاسک فورس میں انتخابی کمیشن، IMD ، قدرتی آفات کے انتظامیہ کی اتھارٹی اور وزارت صحت کے حکام شامل ہیں۔ وہ کسی بھی طرح کی قابل تشویش صورتحال اور اس کے اثرات کم کرنے کے اقدامات کے لیے پولنگ کے ہر ایک مرحلے سے پانچ روز قبل گرمی کی صورتحال اور حبس کے اثرات کا جائزہ لیں گے۔ کمیشن، شامیانے، پینے کا پانی، پنکھے اور دیگر ضروری کم سے کم سہولیات سمیت پولنگ اسٹیشنوں پر مناسب اقدامات کو یقینی بنانے کے لیے ریاستی اعلیٰ انتخابی افسران کے ساتھ الگ سے بھی جائزہ لے گا۔

IMD کے ڈائریکٹر جنرل نے انتخابی کمیشن کو بتایا کہ اِس مہینے کی 26 تاریخ کو ہونے والے عام انتخابات کے دوسرے مرحلے کے لیے گرمی کی لہر سے متعلق کوئی زیادہ تشویش نہیں ہے۔

اس مرحلے میں انتخابات کے لیے 13 ریاستوں اور مرکز کے زیرانتظام علاقوں کے بارے میں موسم کی پیشگوئی بھی معمول کے مطابق ہے۔ ملک کے بعض حصوں میں معمول سے زیادہ درجۂ حرارت اور گرمی کی لہر کی رپورٹوں کے مدِنظر کمیشن نے متعلقہ ایجنسیوں کے ساتھ میٹنگ کی جس میں ابھرتی ہوئی موسم کی صورتحال کو سمجھا گیا اور گرم موسم کی صورتحال کے باعث ہونے والے کسی خطرے کو کم کرنے کے لیے اقدامات پر تبادلۂ خیال کیا گیا۔ اعلیٰ انتخابی کمیشنر راجیو کمار نے، انتخابی کمیشنر گنیش کمار اور سکھبیر سنگھ سندھو کے ساتھ اس میٹنگ کی صدارت کی۔x

## Railway Summer Rush

ریلوے نے، موسم گرما کے رش سے نمٹنے کے لیے، تمام بڑے ریلوے اسٹیشنوں پر بھیڑ کو کنٹرول کرنے کے مناسب اقدامات کیے ہیں۔ موجودہ گرمی کے سیزن کے دوران ریلوے ریکارڈ تعداد میں اضافی ٹرینیں چلا رہا ہے۔ ایک افسر نے بتایا کہ ریلوے نے یکم اپریل سے 21 اپریل تک 41 کروڑ مسافروں کو سفر کی سہولت فراہم کی ہے نیز نو ہزار سے زیادہ اضافی ٹرپس چلائی گئی ہیں۔ تمام بڑے اسٹیشنوں پر سینئر افسران کو باضابطہ طریقے پر بھیڑ کو کنٹرول کرنے کی تمام سرگرمیوں کی نگرانی کرنے کے لیے تعینات کیا گیا ہے۔ ریلوے پروٹیکشن فورس، RPF کو جنرل کلاس کے ڈبوں میں مسافروں کے داخلے کے لیے باقاعدہ قطار کو یقینی بنانے کی غرض سے، سفر شروع ہونے والے اسٹیشنوں

پر تعینات کیا گیا ہے۔

ماہر RPF عملے کو CCTV کنٹرول روم میں تعینات کیا گیا ہے تاکہ وہ بھیڑ بھاڑ والے علاقوں پر قریبی نظر رکھ سکیں اور مسافروں کو ضرورت کے مطابق مدد فراہم کر سکیں۔ زونل ریلویز کو ہدایت دی گئی ہے کہ وہ تمام اسٹیشنوں پر پینے کے پانی کی دستیابی کو یقینی بنائے۔x

## Kejriwal Plea

دلّی کی Rouse-Avenue عدالت نے آج، وزیر اعلیٰ اروند کجریوال کی وہ عرضی مسترد کردی، جس میں اُن کی شدید ذیابیطس اور بلڈ شوگر کی سطح میں اتار چڑھاؤ کے تعلق سے ویڈیو کانفرنس کے ذریعہ اپنے ڈاکٹر سے روزانہ 15 منٹ تک صلاح و مشورہ کرنے کی درخواست کی گئی تھی۔ کجریوال نے اپنی اہلیہ کو اس مشاورت میں شامل کرنے اور VC پر موجود رہنے کی اجازت دینے کی بھی درخواست کی تھی۔ البتہ، خصوصی جج کاویری بویجا نے آل انڈیا انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز- ایمس دلّی کو ایک میڈیکل بورڈ تشکیل دینے کی ہدایت دی، جو یہ طے کرے گا کہ آیا جناب کجریوال کو انسولین دینے کی ضرورت ہے یا نہیں۔

عدالت نے کہا کہ جناب کجریوال کو مطلوبہ طبی علاج فراہم کیا جانا چاہیے لیکن کسی مخصوص treatment کے معاملے میں، جیل حکام کو، ایمس کے ڈائریکٹر کے ذریعہ تشکیل شدہ طبی بورڈ کی صلاح پر عمل کرنا ہوگا۔

جج بویجا نے طبی بورڈ سے کہا کہ وہ دلّی کے وزیر اعلیٰ کیلئے خوراک اور ورزش سے متعلق ایک نسخہ تجویز کریں۔ x

## Rajnath Siachen

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے سکیورٹی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لینے کے لیے آج دنیا کے بلند ترین میدان جنگ سیاچین کا دورہ کیا۔ انہوں نے انتہائی سخت موسم اور دشوار گزار خطوں کی صورتحال میں تعینات فوجیوں کے ساتھ بات چیت کی۔ فوجیوں سے خطاب کرتے ہوئے جناب سنگھ نے انتہائی سخت حالات میں جواں مردی اور شجاعت کے ساتھ مادر وطن کی حفاظت کرنے میں ان کے کردار کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ قوم، مسلح افواج کے عملے کی ہمیشہ مقروض رہے گی کیونکہ ان کی قربانیوں کی وجہ سے ہر ایک شہری اپنے آپ کو محفوظ سمجھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان کی خدمات، مستقبل کی نسلوں کو ہمیشہ متاثر کرے گی۔

S/B - 2100 - Rajnath Singh

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں ممبئی انڈینس نے آج جے پور کے سوائی مان سنگھ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز کے سامنے جیت کے لیے 180 رن کا نشانہ رکھا ہے۔

پہلے بلے بازی کا انتخاب کرتے ہوئے ممبئی انڈینس نے مقررہ 20 اوورز میں 9 وکٹ کے نقصان پر 179 رن بنائے تھے۔

کل چنئی سپر کنگز کا مقابلہ چنئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم میں لکھنؤ سپر جائنٹس سے ہوگا۔ یہ میچ بھارتی معیاری وقت کے مطابق شام ساڑھے سات بجے شروع ہوگا۔

IPL کے بیان کے مطابق رائل چیلنجرس بینگلورو کے بلے باز وراٹ کوہلی پر ان کی میچ فیس کی 50 فیصد رقم کا جرمانہ عائد کیا گیا ہے۔

ان پر یہ جرمانہ کل شام ایڈن گارڈن میں رائل چیلنجرس بینگلور اور کولکاتہ نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ کے دوران انڈین پریمیئر لیگ کے ضابطۂ اخلاق کی خلاف ورزی کرنے پر عائد کیا گیا ہے۔×

## AFMS IIT

مسلح افواج کی میڈیکل سروسز، AFMS نے دلی کے انڈین انسٹی ٹیوٹ آف ٹکنالوجی کے ساتھ اشتراکی تحقیق و تربیت کے لیے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کیے ہیں۔ اِس مفاہمت نامے کے دائرۂ کار میں جدید ترین طبی آلات کو تیار کرنا اور دشوار گزار خطوں میں خدمات انجام دینے والے سپاہیوں کو لاحق صحت سے متعلق مخصوص معاملات پر توجہ مرکوز کرنے کے لیے تحقیق اور اختراع کرنا شامل ہے۔ اس موقع پر لیفٹیننٹ جنرل جگجیت سنگھ نے بتایا کہ AFMS سپاہیوں کو اعلیٰ سطحی طبی دیکھ بھال فراہم کرنے کے تئیں عہد بند ہے اور IIT جیسے قومی اہمیت کے اداروں کے ساتھ اشتراک اس عہد کے ضمن میں ایک اہم قدم ہے۔ ×

## NIA Kashmir

قومی تحقیقات ایجنسی NIA نے، پاکستان کی پشت پناہی والی ممنوعہ دہشت گرد تنظیموں اور ان کے ذیلی گروہوں سے متعلق دہشت گردانہ سازش کے معاملے میں، پورے جموں و کشمیر میں نو مقامات پر چھاپے مارنے کی کارروائی کی۔ چھاپے ماری کی یہ کارروائیاں، لشکر طیبہ، جیش محمد، حزب الجاہدین، البدر اور القاعدہ جیسی دہشت گردانہ تنظیموں کے ساتھ منسلک ہائی برڈ دہشت گردوں اور زمین پر کارروائی کرنے والے کارکنوں کے احاطوں پر کی گئیں۔ ایک بیان میں NIA نے کہا کہ چھاپے ماری کی کارروائیوں کے دوران، بڑی تعداد میں مجرمانہ اعداد و شمار رکھنے والی بہت سی ڈیجیٹل ڈیوائسس اور دستاویزات ضبط کیے گئے۔

اس معاملے کا تعلق جموں و کشمیر میں، اسٹیکی بم، IEDs اور چھوٹے ہتھیاروں سے تشدد پھیلانے کے لیے، ممنوعہ دہشت گرد تنظیموں اور اُن کے نئے ذیلی گروہوں کے ذریعے منصوبوں پر مشتمل ایک دہشت گردانہ سازش سے ہے۔ NIA نے کہا کہ یہ تنظیمیں مقامی نوجوانوں کو بھڑکا کر جموں و کشمیر میں امن اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی میں خلل ڈالنے کے مقصد سے دہشت گردانہ کارروائی کرنے کے لیے سازشیں کرتی رہی ہیں۔x

## Maldives Election Results

مالدیپ میں، پیپلز نیشنل کانگریس-PNC، نے کل ہوئے پارلیمانی انتخابات میں زبردست اکثریت حاصل کرلی ہے۔ PNC نے ملک کے سیاسی منظرنامے میں اپنی پوزیشن کو مستحکم بناتے ہوئے 66 سے زیادہ سیٹیں حاصل کی ہیں۔ البتہ مالدیپ کے انتخابی کمیشن نے ابھی تک نتائج کا باضابطہ طور پر اعلان نہیں کیا ہے۔

ڈاکٹر محمد Muizzu نے گزشتہ برس PPM-PNC امیدوار کی حیثیت سے صدارتی انتخابات میں کامیابی حاصل کی تھی۔ یہ انتخابات، صدر Muizzu کی پارٹی کیلئے ایک سخت آزمائش تھے، جسے بدعنوانی اور اپنے پالیسی فیصلوں کے الزامات کے سلسلے میں شدید تنقید کا سامنا کرنا پڑ رہا تھا۔ اس کے علاوہ پارٹی کو، سابق صدر یامین کے علیحدہ ہوئے گروپ کے سبب ووٹ تقسیم ہوجانے کے چیلنج کا بھی سامنا تھا۔

خاص اپوزیشن، مالدیپ ڈیموکریٹک پارٹی-MDP کو کم از کم 11 سیٹیں حاصل ہوئی ہیں۔ اس نے 2019 کے انتخابات میں زبردست اکثریت حاصل کی تھی۔ x